12-07-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ض میر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1- وزیراعظم نریندر مودی آج روزگار میلے کے دوران سرکاری محکموں میں حال ہی میں بھرتی کیے گئے لوگوں کو 51 ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کریں گے۔

2- پچھلے مہینے کے ایئر انڈیا طیارہ حادثے کی ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ سے پتہ چلا ہے کہ دونوں انجنوں کی ایندھن سپلائی، پرواز شروع ہوتے ہی بند ہوگئی تھی۔

3- انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں چناؤ فہرستوں پر نظرِ ثانی مہم کے دوران ابھی تک، 74 فیصد سے زیادہ رائے دہندگان نے، ذاتی معلومات کے فارم داخل کیے ہیں۔

4- بھارت کے مراٹھا فوج کے مقامات کو، یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کرلیا گیا ہے۔

5- کرکٹ میں، بھارت نے لارڈس ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں میزبان انگلینڈ کے خلاف، اپنے دوسرے دن کا کھیل تین وکٹ کے نقصان پر 141 رن پر ختم کیا۔

6- اور ومبلڈن ٹینس میں، آج خواتین کے سنگلز میں Iga Swiatek کا مقابلہ Amanda Anisimovaسے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Rozgar Mela

وزیر اعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرسنگ کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں اور تنظیموں میں نئے بھرتی کیے گئے نوجوانوں کو 51 ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کریں گے۔ یہ تقریب، سرکار کی طرف سے جاری روزگار میلہ اقدام کا حصہ ہے۔ وزیراعظم اِس تقریب کے دوران نئے بھرتی کیے گئے افراد سے خطاب بھی کریں گے۔

V/C Aman Yadav

16واں روزگار میلہ، ملک کی 47 جگہوں پر منعقد کیا جائے گا۔ بھرتی کا یہ عمل مرکزی حکومت کی وزارتوں اور محکموں میں جاری ہے۔ ملک بھر سے منتخب کیے گئے یہ نئے بھرتی کیے گئے افراد ریلویز، داخلی امور اور صحت و خاندانی بہبود، محنت اور روزگار، ڈاک کے محکمے اور دیگر محکموں و وزارتوں میں شامل ہوں گے۔ ملک بھر کے روزگار میلوں کے ذریعے ابھی تک

10 لاکھ سے زیادہ تقرر نامے جاری کیے جا چکے ہیں۔ روزگار میلہ، روزگار کے موقعے پیدا کرنے کو اعلیٰ ترین ترجیح دینے کے وزیراعظم کے عزم کے مطابق ایک قدم ہے۔ روزگار میلہ نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور ملک کی تعمیر میں حصہ لینے کے بامعنی موقعے فراہم کرنے میں ایک اہم رول ادا کرے گا۔x

اَمن یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

Air India Preliminary Report

طیارہ حادثے کے تحقیقاتی بیورو AAIB نے ایئر انڈیا کے اُس طیارہ حادثے کی تحقیقات کی، 15 صفحات پر مشتمل ابتدائی رپورٹ کل رات جاری کردی، جس میں پچھلے مہینے کی 12 تاریخ کو احمد آباد میں 260 افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ تفتیش میں ایک کے بعد ایک سرزد ہونے والے واقعات اور انجن کی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی گئی ہے جس کی وجہ سے ایئر انڈیا کی اِس پرواز AI-171کے تحت Boing 787-8 طیارہ حادثے کا شکار ہوا۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ طیارے کے انجن میں ایندھن پہنچنا بند ہوگیا تھا۔

AAIBنے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ جیسے ہی طیارے نے پرواز شروع کی، چند سیکنڈ میں ہی، طیارے کے ایندھن کو کنٹرول کرنے والے دونوں انجن RUN کی پوزیشن سے کٹ آف پوزیشن میں آگئے اور پھر بند ہوگئے، جس کی وجہ سے یہ المناک حادثہ پیش آیا۔

ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق ایک پائلٹ کو Cockpit Voice Recorder میں دوسرے پائلٹ سے یہ کہتے ہوئے سنا جا سکتا ہے کہ اُس نے انجن میں ایندھن کی سپلائی کیوں بند کردی، جس کا جواب دوسرے پائلٹ نے یہ کہہ کر دیا کہ اُس نے نہیں کیا۔

رپورٹ کے مطابق یہ پرواز شروع ہونے سے حادثے کا شکار ہونے تک تقریباً 30 سیکنڈ تک جاری رہی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دونوں ہی پائلٹوں کو پرواز سے پہلے آرام کا وقت دستیاب تھا۔

AAIBنے کہا کہ تحقیقاتی ٹیم مزید شواہد کا جائزہ لے گی، جن کی متعلقہ فریقوں نے مانگ کی ہے۔x

Amit Shah Kerala Visitؒ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، گل رات کیرالہ کے دو روزہ دورے پر تروانتت پورم پہنچے۔ BJP کے سینئر رہنماؤں اور پارٹی کارکنوں نے ہوائی اڈّے پر اُن کا خیر مقدم کیا۔

جناب شاہ آج ریاست کی راجدھانی میں مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ وہ آج صبح BJP کے نئے ریاستی صدر دفتر کا افتتاح کریں گے۔ بعد میں وہ پُتھاری کَنڈَم گراؤنڈ میں، بوتھ سطح کے پارٹی کارکنوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کریں گے۔

دوپہر کو جناب شاہ تَلی پَرَمبا میں راج راجیشوَر مندر میں پوجا ارچنا کرنے کے لیے، کَنّور روانہ ہوجائیں گے۔ امید ہے کہ وہ شام تک دلی واپس آجائیں گے۔x

NSA Doval Chennai

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے کہا ہے کہ بھارت نے، حال ہی میں آپریشن سندور کے دوران، پاکستان کے اندر 9 دہشت گرد ٹھکانوں پر حملے کیے، نہ کہ سرحد کے قریب۔ یہ حملے پاکستان علاقے میں الگ الگ جگہوں پر کیے گئے۔

کَل چنئی میں IIT مدراس کے تقسیمِ اسناد کے 62ویں سالانہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب ڈوبھال نے کہا کہ یہ حملے نپے تُلے انداز میں بالکل صحیح جگہ پر کیے گئے۔ جن کے بارے میں بھارتی فوجوں کو یہ معلوم تھا کہ کون کہاں ہے اور یہ میزائل، اپنے نشانوں کے علاوہ کہیں اور نہیں گرے۔

S/B Doval - 9 Targets

جناب ڈوبھال نے آپریشن سندور کے بارے میں گمراہ کُن معلومات پھیلانے پر غیر ملکی میڈیا کی مذمت بھی کی اور اُسے چیلنج کیا کہ وہ بھارت کی طرف کسی طرح کے نقصان کا کوئی قابلِ اعتبار ثبوت پیش کرے۔ جناب ڈوبھال نے زور دے کر کہا کہ بھارت کی طرف کسی ایک کھڑکی کا شیشہ تک نہیں ٹوٹا۔x

EC Bihar

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں تقریباً سات کروڑ 90 لاکھ میں سے، 74 فیصد سے زیادہ ووٹروں نے، پچھلے 17 دن کے دوران اپنے ذاتی معلومات کے فارم داخل کردیے ہیں۔ ریاست میں چناؤ فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی SIR کا کام جاری ہے۔ کمیشن نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ فارم اِس مہینے کی 25 تاریخ تک داخل کیے جا سکتے ہیں۔

انتخابی ادارے نے کہا ہے کہ SIR مہم کے دوسرے مرحلے میں، بوتھ سطح کے افسران، ووٹروں کی مدد اور اُن کے ذاتی معلومات کے فارم جمع کرنے کے لیے، گھر گھر جا رہے ہیں۔

کمیشن نے بتایا کہ 38 ضلع انتخابی افسران، چناؤ فہرستوں میں اندراج کرنے والے افسران جو سبھی 243 اسمبلی حلقوں میں کام کر رہے ہیں اور چناؤ فہرستوں میں اندراج کرنے والے963 اسسٹنٹ افسران سمیت، فیلڈ کی سطح کے سبھی اہلکار SIR کی پیشرفت کے کام کی لگاتار نگرانی کر رہے ہیں۔x

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Dharmendrfa

بہار میں، خصوصی نظرِ ثانی عمل کے تحت انتخابی فہرستوں کی چھان بین کا کام تیزی سے جاری ہے۔ 74 فیصد سے زیادہ رائے دہندگان پہلے ہی اپنے فارم جمع کرا چکے ہیں۔ پٹنہ سمیت شہری علاقوں میں نظرِ ثانی مہم میں تیزی لانے کے لیے پہلی مرتبہ میونسپل کمشنروں کو اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ الیکشن افسر کا درجہ دیا گیا ہے۔ بھارت کے انتخابی کمیشن کے مطابق ریاست میں ہر 4 میں سے 3 ووٹروں سے Enumeration فارم جمع کر لیے گئے ہیں۔ اس مہم میں ایک لاکھ سے زیادہ بوتھ سطح کے افسران BLO شامل ہیں اور سیاسی جماعتوں کی بھی سرگرم شرکت دیکھی جا رہی ہے۔

مختلف پارٹیوں نے ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ بوتھ سطح کے ایجنٹس تعینات کیے ہیں۔ انتخابی کمیشن کے ECI-Net ایپلیکیشن میں خصوصی نظرِ ثانی عمل کو مزید تیز کیا ہے۔

مہم کے دوران عمر رسیدہ افراد، دیویانگ اور بیمار ووٹروں کی مدد کے لیے 4 لاکھ سے زیادہ رضاکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

INDIA UNESCO WORLD HERITAGE

بھارت کے، مراٹھا ملٹری منظر نامے کی عبارت اُس وقت UNESCO عالمی ثقافت ورثے کی فہرست میں کندہ ہو گئی، جب اسے اس باوقار اعزاز کے لیے بھارت کا 44 واں مقام قرار دیا گیا۔ یہ اعلان کل شام پیرس میں یونیسکو صدر دفتر میں عالمی ہیریٹیج کمیٹی کے 47 ویں اجلاس کے دوران کیا گیا۔ اس عالمی اعزاز سے بھارت کی ثقافتی میراث، فنِ تعمیر کی مہارت، علاقائی شناخت اور تاریخی سلسلے کی عکاسی ہوتی ہے۔

S/B India Deligation Heritage

اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر ثقافت گجیندر سنگھ شیخاوت اور مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دویندر فڑنویس نے اس تاریخی سنگِ میل اور حصولیابی پر بھارت کے لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ×

Handball Prasar Bharti

پرسار بھارتی اور ہینڈ بال اسوسی ایشن آف اندیا، HAIنے سبھی قومی اور بین الاقوامی ہینڈ بال مقابلوں کے پروڈکشن اور نشریات سے متعلق تین سالہ مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

یہ مقابلے DD اسپورٹس، ویوز OTT اور دیگر پرسار بھارتی پلیٹ فارمز پر نشر کیے جائیں گے۔ پرسار بھارتی کے چیف ایگزیکٹو افسر گورَو دویدی اور ہینڈ بال اسوسی ایشن آف انڈیا کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر آننديشور پانڈے کے درمیان اس سے متعلق سمجھوتے کا رسمی تبادلہٴ کیا گیا۔ پرسار بھارتی چیئرمین نَونیت کمار سہگل بھی اس موقعے پر موجود تھے۔ اس مفاہمت نامے کا مقصد بھارت میں کھیل کو فروغ دینا اور ٹیلنٹ کو بڑھاوا دینا ہے۔×

US NATO UKRAINE

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ نیٹو اتحاد کے ذریعے یوکرین کو ہتھیار بھیجنے کے سمجھوتے پر پہنچ گئے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے ایک ٹی وی نیوز چینل کو کل دیے گئے انٹرویو میں یہ بات کہی۔ امریکہ، یوروپ میں اپنے نیٹو اتحادیوں کو Patriot فضائی دفاعی نظام سمیت

ہتھیار فروخت کرے گا، تاکہ وہ اسے یوکرین کو فراہم کر سکیں۔ یوکرین، روس کے ڈرون اور میزائل حملوں کے خلاف مزاحمت میں جدّوجہد کرتا نظر آ رہا ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے یہ اعلان ایسے وقت میں کیا ہے، جب یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی نے صدر ٹرمپ کے ساتھ مثبت بات چیت اور جناب ٹرمپ کی جانب سے ہتھیاروں کی بروقت فراہمی کی یقین دہانی کی بات کہی ہے۔ Patriot بیٹریاں آنے والے میزائلوں کا پتہ لگاتی ہیں اور انہیں دنیا کے بہترین فضائی دفاعی نظام میں سے ایک مانا جاتا ہے۔×

Trump Texas

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور خاتون اول Melania Trump نے گل وسطی Texas کے، سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے اِس سیلاب کو اِتنا تباہ کُن بتایا جس کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی۔

اِس سیلاب میں 36 بچوں سمیت کم سے کم 120 لوگ ہلاک ہوئے ہیں۔ اِس سیلاب میں 160 سے زیادہ افراد لاپتہ بھی ہیں۔

صدر ٹرمپ نے اپنے دورے میں متاثرہ کنبوں، بچاؤ کارکنوں اور ساحلی محافظوں سے بھی ملاقات کی۔ انہوں نے زیادہ متاثرہ Kerrville کے مکینوں کو یقین دلایا کہ حکومت سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی، نئے سرے سے تعمیر میں مدد کرے گی۔x

Amarnath Yatra

جموں و کشمیر میں سخت حفاظتی انتظامات کے دوران سالانہ امرناتھ یاترا کے 6 ہزار 639 یاتریوں کا گیارہواں جتھہ آج صبح سویرے جموں کے بھگوتی نگر یاتری نِواس بَیس کیمپ سے روانہ ہوا۔ یہ یاتری 275 گاڑیوں کے قافلے میں سوار ہو کر وادی کشمیر کے بالتل اور پہلگام کی جانب روانہ ہوئے۔ حکام کے مطابق 2 ہزار 337 یاتری بالتل بَیس کیمپ کے لیے، جبکہ 4 ہزار 302 یاتری پہلگام بَیس کیمپ کے لیے روانہ ہوئے ہیں۔ یاتری اِن کیمپوں سے پوَتر امرناتھ گپھا کی جانب اپنا سفر جاری رکھیں گے۔ اس دوران گزشتہ روز 18 ہزار دس یاتریوں نے پوَتر گپھا کے درشن کیے۔ اس کے ساتھ ہی اب تک اس سال پوَتر گپھا کے درشن کرنے والے یاتریوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر لگ بھگ ایک لاکھ 63 ہزار ہو گئی ہے۔×

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے 4 سے 5 دن کے دوران، ملک کے وسطیٰ اور اِس سے متصل شمال مغربی حصوں میں شدید ترین بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق آج مشرقی راجستھان اور مدھیہ پردیش میں دور دراز کے مقامات پر نہایت شدید بارش ہوسکتی ہے۔ محکمے نے آسام، میگھالیہ، چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، گجرات، ہماچل پردیش، کیرالہ، ماہے، اترپردیش، اترا کھنڈ اور مغربی راجستھان میں آج دور دراز کے مقامات پر بھی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

اِس دوران محکمہ موسمیات نے آندھرپردیش، تمل ناڈو، پڈو چیری اور Karaikal کے دور دراز کے مقامات میں موسم کے گرم رہنے اور حبس بھرے حالات کا امکان ظاہر کیا ہے۔×

## HP Weather🌧️

پورے ہماچل پردیش میں مانسون کی بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ راجدھانی شملہ سمیت ریاست کے مختلف حصوں میں رُک رُک کر بارش ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ محکمہٴ موسمیات نے اس مہینے کی 17 تاریخ تک کئی ضلعوں میں شدید بارش کا Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ آج شملہ کے کچھ حصوں سولن اور Sirmaur اضلاع کے لیے الرٹ جاری کیا گیا ہے، اور شدید بارش کے امکانات سے خبردار کیا گیا ہے۔×

## Railway Recruitment

ریلوے کی وزارت نے بہت سی اصلاحات شروع کی ہیں جس کا مقصد بھرتی کے عمل کو شفاف، مستعد اور ٹیکنالوجی پر مبنی بنانا ہے۔ امیدواروں کی سہولت کے لیے بہت سے اقدامات کیے گئے ہیں، جن میں ایک بار کا رجسٹریشن OTR نظام بھی شامل ہے، جس سے بھرتی کے لیے دی جانے والی درخواستوں کا عمل آسان ہوگیا ہے۔

وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ ایسا پہلی بار ہے کہ گروپ سی اور Level-1 زمروں کی سبھی آسامیوں کے لیے 2024 سے ایک سالانہ بھرتی کیلنڈر شروع کیا گیا ہے۔ اِس سے شفافیت کی یقین دہانی ہوگی اور امیدواروں کو نوٹیفکیشن سے لے کر فائنل امتحان تک کے عمل کے بارے میں وضاحت فراہم ہوجائے گی۔ خصوصی توجہ، گھوٹالوں کی روک تھام اور ٹیکنالوجی کی اختراعات پر دی گئی ہے۔x

## Test Cricket IND Vs ENG🏏

کرکٹ میں، لندن کے لارڈس میں جاری اینڈرسن تیندولکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن آج بھارت اپنی پہلی اننگز میں میزبان انگلینڈ کے خلاف تین وکٹ پر 145 رن کے گزشتہ کل کے اسکور سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ یہ میچ بھارت وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ بھارتی ٹیم فی الحال 242 رن سے پیچھے ہے۔ اس سے پہلے انگلینڈ کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 387 رن پر آل آؤٹ ہو گئی تھی۔×

## Morn Wimbledon

ومبلڈن ٹینس میں، آج خواتین کے سنگلز کا فائنل مقابلہ 5 مرتبہ کی گرینڈ Slam چمپئن ایگاشوانٹیک اور تیرہویں درجہ بندی کی حامل Amanda Anisimova کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے آٹھ بجے سے لندن کے سینٹر کورٹ میں کھیلا جائے گا۔

دوسری جانب مردوں کے سنگلز مقابلوں میں عالمی نمبر ایک Jannik Sinner نے کل رات کھیلے گئے سیمی فائنل میچ میں 7 مرتبہ کے چیمپئن نوواک جوکووِچ کو 6-3, 6-3, اور 6-4 سے شکست دی۔ اب Sinner کا خطابی مقابلہ کل عالمی نمبر دو اسپین کے کارلوس الکاراز سے ہوگا۔×

CSC Digital 16 Years

کامن سروسیز سینٹرس، CSC، 16 جولائی کو نئی دلّی کے یشو بھومی کنونشن سینٹر میں اپنا سولہواں یومِ تاسیس منائے گا۔ یہ تقریب ملک میں ڈیجیٹل بااختیاری کے 16 سال مکمل ہونے پر منائی جائے گی۔

وزیر داخلہ امت شاہ اس سے متعلق تقریب کا افتتاح کریں گے۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو اور وزیرِ مملکت جتن پرساد بھی تقریب میں شرکت کریں گے۔

تقریب کے دوران CSC کے مستقبل کے نقشۂ راہ کا مظاہرہ کیا جائے گا، ساتھ ہی اُس کی خدمات میں توسیع اور ٹکنالوجی کی قیادت والی اختراع پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

کامن سروسیز سینٹرس، حکومت کے ڈیجیٹل انڈیا پروگرام کے تحت اہم پہل ہے۔

گزشتہ کئی سال کے دورانCSC ، شہری اور دیہی دونوں علاقوں میں ساڑھے 6 لاکھ سے زیادہ فعال مراکز کے ساتھ ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی کے معاملے میں دنیا کے سب سے بڑے نیٹ ورک میں سے ایک بن گئے ہیں۔×

Delhi Police Firectacker Sale

دلّی پولیس نے قومی راجدھانی میں پٹاخوں کی آن لائن فروخت کو فوری طور پر روکنے کیلئے سوشل میڈیا پلیٹ فارمس اور ای کامرس پلیٹ فارمس کو لکھا ہے۔ اِن پلیٹ فارمس کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ دلی میں پٹاخے فروخت نہ کریں۔ اِن پلیٹ فارمس سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ پٹاخوں کی فروخت اور اُن کی فراہمی پر عائد پابندی کے بارے میں لوگوں کو مطلع کریں۔ اِس کے علاوہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمس اور ای۔کامرس پلیٹ فارمس کو اِن ہدایات پر عمل درآمد سے متعلق تحریری یقین دہانی کرانا ہوگی۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینے کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ - ضمیر

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے آپریشن سِندور پر قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کے ردِّ عمل کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ آئی ٹی مدراس کے62 ویں جلسۂ اسناد سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپریشن سِندور میں بھارت کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ مجھے ایسی ایک بھی تصویر دکھائیے، جس میں بھارت کو نقصان پہنچا ہو۔

وزیر اعظم نریندر مودی آج 16 ویں روزگار میلے میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 51 ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو تقرر نامے تقسیم کریں گے۔ اس موقع پر وہ نومنتخب ملازمین سے خطاب بھی کریں گے۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈّا کے عالمی یومِ آبادی کے موقع پر سوشل میڈیا پر دیے گئے ایک پیغام کو اہمیت دی ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ ماؤں اور بچوں کی تندرستی کے لیے منصوبہ بند نگہداشت ضروری ہے۔

روزنامہ انقلاب نے سابق چیف جسٹس چندرچور کی طرف سے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے آٹھویں اجلاس میں "ون نیشن ون الیکشن" کے حق میں سفارشات پیش کیے جانے کی خبر پر توجہ مرکوز کی ہے۔

جبکہ روزنامہ راشٹریہ سہارا اور انقلاب نے فرانس کا برطانیہ سے فلسطینی ریاست کو مشترکہ طور پر تسلیم کرنے کے مطالبے کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج روزگار میلے کے دوران سرکاری محکموں میں حال ہی میں بھرتی کیے گئے لوگوں کو 51 ہزار سے زیادہ تقرر نامے تقسیم کریں گے۔

2- پچھلے مہینے کے ایئر انڈیا طیارہ حادثے کی ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ سے پتہ چلا ہے کہ دونوں انجنوں کی ایندھن سپلائی، پرواز شروع ہوتے ہی بند ہوگئی تھی۔

3- انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں چناؤ فہرستوں پر نظرِ ثانی مہم کے دوران ابھی تک، 74 فیصد سے زیادہ رائے دہندگان نے، ذاتی معلومات کے فارم داخل کیے ہیں۔

4- بھارت کے مراٹھا فوج کے مقامات کو، یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کرلیا گیا ہے۔

5- کرکٹ میں، بھارت نے لارڈس ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں میزبان انگلینڈ کے خلاف، اپنے دوسرے دن کا کھیل تین وکٹ کے نقصان پر 141 رن پر ختم کیا۔

6- اور ومبلڈن ٹینس میں، آج خواتین کے سنگلز میں Iga Swiatek کا مقابلہ Amanda Anisimova سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔